# نوٹس برائے سالانہ اجلاسِ عام

اطلاع دی جاتی ہے کہ ملت ٹریکٹرز لمیٹڈ کا 61 واں سالانہ اجلاس عام بروز جمعہ، 18 اکتوبر، 2024، دوپہر 12:00 بجے کمپنی کے رجسٹرڈ دفتر 9 کلومیٹر شیخوپورہ روڈ، شاہدرہ، لاہور میں درج ذیل امور کی انجام دہی کے لیے منعقد ہوگا جس میں ویڈیو کانفرنسنگ کے ذریعے شرکت کی سہولت بھی ہوگی۔

## الف) عمومی امور

1۔ 26 اکتوبر، 2023 کو ہونے والے 60 واں سالانہ اجلاس عام اور 15 جون، 2024 کو ہونے والے غیر معمولی اجلاس عام کی کارروائی کی توثیق کرنے کیلئے۔

2۔ چیئرمین کے جائزہ، ڈائریکٹرز اور آڈیٹرز کی رپورٹس کیساتھ، 30 جون، 2024 کو ختم ہونے والے سال کیلئے کمپنی اور گروپ کے مالیاتی گوشواروں کو حاصل کرنے، ان پر غور کرنے اور اپنانے کیلئے۔

3۔ 25.00 روپے فی شیئر کا عبوری ڈیویڈنڈ منظور کرنا، یعنی فی شیئر 250% جو کہ پہلے ادا ہو چکا ہے۔

4۔ آڈیٹرز میسرز اے۔ایف فرگوسن اینڈ کمپنی، چارٹرڈ اکاؤنٹینٹس کی تقرری کیلئے نیز 30 جون، 2025 کو ختم ہونے والے سال کیلئے ان کا معاوضہ طے کرنے کیلئے۔

## ب) خصوصی امور

5۔ 30 جون، 2024 کو ختم ہونے والے سال کیلئے ذیلی/ وابستہ کمپنیوں کے ساتھ کیے گئے لین دین کی توثیق اور منظوری کیلئے درج ذیل خصوصی قرارداد کو ترمیم کیساتھ یا اسکے بغیر منظور کرنا۔

"قرار پایا کہ: ذیلی/ وابستہ کمپنیوں کیساتھ 30 جون، 2024 کو ختم ہونے والے سال کیلئے مندرجہ ذیل لین دین کی توثیق، منظوری اور تصدیق کی جاتی ہے‘‘

| 2024 (رقم روپوں میں) | | | | |
|---|---|---|---|---|
| تفصیلات | ٹائی پیگ انٹر ٹریڈ DMCC | ملت انڈسٹریل پروڈکٹ لمیٹڈ | بولان کاسٹنگز لمیٹڈ | ملت ایکوپمنٹ لمیٹڈ |
| اشیاء کی خریداری | 1,465,772,134 | 805,955,773 | 3,838,249,666 | 10,538,738,094 |
| اشیاء کی فروخت | 431,602,674 | 45,542 | 402,914 | 240,086 |

6۔ کمپنی کے چیف ایگزیکٹو کو 30 جون، 2025 کو ختم ہونے والے سال کیلئے ذیلی/ وابستہ کمپنیوں کے ساتھ لین دین کی منظوری کیلئے درج ذیل خصوصی قرارداد کو ترمیم کیساتھ یا اسکے بغیر منظور کرنے کا اختیار دینا۔

’’طے پایا کہ کمپنی کے چیف ایگزیکٹو کو کمپنی کے 61 ویں سالانہ اجلاس عام سے لے کر اگلے سالانہ اجلاس عام تک کی مدت کے دوران امور کو معمول کے مطابق ذیلی/ وابستہ کمپنیوں کیساتھ تمام لین دین کی منظوری دینے کا اختیار ہے‘‘

’’مزید طے پایا کہ ان لین دین کو اگلے سالانہ اجلاس عام میں شیئر ہولڈرز کے سامنے ان کی توثیق/منظوری کیلئے رکھا جائیگا‘‘

7۔ ڈائریکٹرز کے ذریعہ منافع کا عہدہ رکھنے کیلئے درج ذیل عام قرارداد پر غور کرنے، ترمیم کے ساتھ یا اسکے بغیر اختیار کرنے کیلئے۔

"قرار پایا کہ 30 اکتوبر، 2024 سے شروع ہونے والی تین سال کی مدت کیلئے ڈائریکٹرز مسٹر سکندر مصطفیٰ خان اور مسٹر سہیل بشیر رانا کے ذریعے کمپنی کے تحت منافع کا عہدہ رکھنے کیلئے اختیار/منظوری دی جائیگی جو کہ ان کے بطور ڈائریکٹر انتخاب سے مشروط ہے‘‘

## سی) امورِ دیگر

چیئر کی اجازت سے کوئی دیگر امور

بحکم بورڈ

محمد فیصل عظیم

کمپنی سیکریٹری

لاہور:

26 ستمبر، 2024

## نوٹس:

1۔ کمپنی کے حصص کی منتقلی کی کتابیں 11 اکتوبر، 2024 سے 18 اکتوبر، 2024 (دونوں دن شامل ہیں) تک بند رہیں گی اور اس مدت کے دوران کوئی منتقلی قبول نہیں کی جائیگی۔ شیئر رجسٹرار، میسرز سی ڈی سی شیئر رجسٹرار سروسز لمیٹڈ، سی ڈی سی ہاؤس، B-99، بلاک B، S.M.C.H.S، شاہراہ فیصل، کراچی-74400 کے ذریعے 10 اکتوبر، 2024 کو کاروبار کے اختتام تک ہر لحاظ سے مکمل موصول ہونے والی منتقلی کو اجلاس میں شرکت کرنے اور ووٹنگ کیلئے بروقت تصور کیا جائیگا۔

2۔ اس اجلاس میں شرکت کرنے اور ووٹ دینے کا حقدار رکن کسی دوسرے شخص کو اپنی جانب سے اجلاس میں شرکت کرنے اور ووٹ دینے کیلئے اپنا پراکسی مقرر کرسکتا ہے۔ مؤثر ہونے کیلئے پراکسیز کو اجلاس سے کم از کم 48 گھنٹے قبل کمپنی کے رجسٹرڈ آفس میں باقاعدہ مہر اور دستخط شدہ، موصول ہوجانی چاہیئے۔

3۔ جن ممبران نے اپنے حصص سینٹرل ڈپازٹری کمپنی آف پاکستان میں جمع کرائے ہیں، انہیں مزید مندرجہ ذیل ہدایات پر عمل کرنا ہوگا:

### الف) ذاتی طور پر اجلاس میں شرکت:

i) افراد کے معاملے میں، اکاؤنٹ ہولڈر یا ذیلی اکاؤنٹ ہولڈر اور/ یا وہ شخص جس کی سیکورٹیز گروپ اکاؤنٹ میں ہیں اور ان کی رجسٹریشن کی تفصیل ضوابط کے مطابق اَپ لوڈ کی گئی ہے، اجلاس میں شرکت کے وقت اپنا اصل کمپیوٹرائزڈ قومی شناختی کارڈ (CNIC) / اصل پاسپورٹ دکھا کر اپنی شناخت کی تصدیق کرے گا۔

ii) کارپوریٹ ادارے کی صورت میں، اجلاس کے وقت بورڈ آف ڈائریکٹرز کی قرارداد/ پاور آف اٹارنی نامزد شخص کے دستخط کیساتھ پیش کیا جائیگا۔

### ب) پراکسیوں کی تقرری

i) افراد کے معاملے میں، اکاؤنٹ ہولڈر یا ذیلی اکاؤنٹ ہولڈر اور/ یا وہ شخص جس کی سیکورٹیز گروپ اکاؤنٹ میں ہیں اور ان کی رجسٹریشن کی تفصیلات ضوابط کے مطابق اَپ لوڈ کی گئی ہیں، مندرجہ بالا ضرورت کے مطابق پراکسی فارم جمع کرائیں گے۔

ii) بینیفیشل اونرز کے CNIC یا پاسپورٹ کی تصدیق شدہ کاپیاں، پراکسی فارم کیساتھ پیش کرنا ہوں گی۔

iii) پراکسی کو اجلاس کے وقت اپنا اصل CNIC / اصل پاسپورٹ پیش کرنا ہوگا۔

iv) کارپوریٹ ادارے کی صورت میں، بورڈ آف ڈائریکٹرز کی قرارداد/ پاور آف اٹارنی نمونہ دستخط کیساتھ کمپنی کو پراکسی فارم کے ساتھ جمع کرانا ہوگا۔

## 4۔ سالانہ اجلاس عام میں شرکت:

SECP نے اپنی ہدایت کے ذریعے، لسٹڈ کمپنیوں کو وڈیو لنک کی سہولت کی فراہمی کا بھی بندوبست کرنے کی ہدایت کی ہے، اسی مناسبت سے، ہمارے قابل قدر حصص یافتگان کی بہترین صحت کیلئے اور زیادہ سے زیادہ شرکت کو یقینی بنانے کیلئے، کمپنی نے اس AGM میں شرکت کیلئے وڈیو لنک کی سہولت کا بھی انتظام کیا ہے، وڈیو لنک کے ذریعے AGM شرکت کرنے میں دلچسپی رکھنے والے حصص یافتگان سے درخواست کی جاتی ہے کہ وہ اپنی درج ذیل تفصیلات cdcsr@cdcsrsl.com پر ای میل بھیج کر یا 0321-8200864 پر واٹس ایپ بھیج کر اپنے آپ کو رجسٹر کریں۔

| فولیو/ CDC اکاؤنٹ نمبر | کمپنی نام | موجود حصص کی تعداد | نام | CNIC | سیل نمبر | ای میل ایڈریس |
|---|---|---|---|---|---|---|
| | ملت ٹریکٹرز لمیٹڈ | | | | | |

وڈیو لنک اور لاگ ان کی تفصیلات ان حصص یافتگان کے ساتھ شیئر کیا جائیگا جن کی ای میلز، تمام درخواست کردہ تفصیلات پر مشتمل، مذکورہ ای میل ایڈریس پر بدھ، 16 اکتوبر، 2024 کو کاروباری اوقات کے اختتام (شام 5:00 بجے) سے قبل موصول ہوئی ہوں۔

## 5۔ وڈیو لنک کی سہولت:

کمپنیز ایکٹ 2017 کی شق 132 جسے SECP کی جانب سے جاری کردہ سرکلر 10 بابت 2014 کیساتھ ملاکر پڑھا جائے، کو مدنظر رکھتے ہوئے جیسا کہ مندرجہ بالا ''نوٹ 4'' میں بیان کیا گیا تقاضوں اور انتظامات کو متاثر کئے بغیر، AGM کی تاریخ سے کم از کم سات روز قبل وڈیو کانفرنس کے ذریعہ سالانہ اجلاس عام (AGM) میں شرکت کرنے کیلئے، اگر کمپنی کو مجموعی 10% یا اس سے زیادہ جغرافیائی محل وقوع پر رہائش پذیر شیئر ہولڈنگ ممبران سے رضامندی حاصل ہوتی ہے، کمپنی اس شہر میں وڈیو کانفرنس کی سہولت کا انتظام کرے گی جو کہ اس شہر میں اس طرح کی دستیابی سے مشروط ہوگی۔ کمپنی AGM کی تاریخ سے کم از کم 5 دن قبل وڈیو کانفرنس کی سہولت کے مقام کے بارے میں ممبران کو آگاہ کرے گی اور اس سہولت تک رسائی کیلئے درکار معلومات فراہم کرے گی۔

اگر آپ وڈیو کانفرنسنگ کی سہولت حاصل کرنا چاہتے ہیں، جیسا کہ اوپر دیا گیا ہے، تو براہ کرم درج ذیل کو پر کریں اور AGM سے کم از کم 07 روز قبل کمپنی کے رجسٹرڈ آفس میں جمع کرائیں۔

میں/ ہم، ملت ٹریکٹرز لمیٹڈ کے ممبر ہونے کے ناطے ۔۔۔۔۔۔۔۔۔ کا ۔۔۔۔۔۔۔۔، رجسٹر فولیو نمبر/ سی ڈی سی اکاؤنٹ نمبر ۔۔۔۔۔۔۔۔۔ کے مطابق ۔۔۔۔۔۔ عام حصص کا حامل ۔۔۔۔۔ پر وڈیو کانفرنس کی سہولت کا انتخاب کرتا ہوں۔

## 6۔ خصوصی امور پر پولنگ۔

ممبران کو بذریعہ ہذا مطلع کیا جاتا ہے کہ کمپنیز (پوسٹل بیلٹ) ریگولیشنز، 2018 (''ریگولیشنز'') جو کہ سیکورٹیز اینڈ ایکسچینج کمیشن آف پاکستان ("SECP") کے جاری کردہ ہیں، کے مطابق، SECP نے تمام لسٹڈ کمپنیوں کو خصوصی امور درجہ بند تمام امور پر ممبران کو بذریعہ ڈاک ووٹ دینے کا حق فراہم کرنے کی ہدایت کی ہے۔

اسکے مطابق، ملت ٹریکٹرز لمیٹڈ (''کمپنی'') کے ممبران کو اسکے آنے والے سالانہ اجلاس عام جو کہ بروز جمعہ 18 اکتوبر، 2024 دوپہر 12:00 بجے، منعقد ہوگا، میں ضروریات کے مطابق اور مذکورہ بالا ضوابط میں موجود شرائط سے مشروط، خصوصی امور کیلئے الیکٹرونک ووٹنگ کی سہولت یا ڈاک کے ذریعہ ووٹ دینے کا حق استعمال کرنے کی اجازت ہوگی۔

ممبران کی سہولت کیلئے بیلٹ پیپر اس نوٹس کیساتھ منسلک ہے اور یہ کمپنی کی ویب سائٹ www.millat.com.pk پر بھی ڈاؤن لوڈ کیلئے دستیاب ہے۔

## ای ووٹنگ کا طریقہ کار۔

I- ای ووٹنگ کی سہولت کی تفصیلات کمپنی کے ان اراکین کیساتھ ایک ای میل کے ذریعے شیئر کی جائیں گی جن کے کارآمد CNIC نمبر، سیل نمبر اور ای میل ایڈریس کمپنی کے ممبران کے رجسٹر میں 10 اکتوبر، 2024 کو کاروبار کے اختتام تک دستیاب ہونگے۔

II- ویب ایڈریس، لاگ ان کی تفصیلات، اور پاس ورڈ سے ای میل کے ذریعے اراکین کو مطلع کیا جائیگا، سی ڈی سی شیئر سروسز لمیٹڈ (ای ووٹنگ سروس فراہم کنندہ ہونے کے ناطے) کے ویب پورٹل سے بذریعہ SMS اراکین کو سیکورٹی کوڈز کی اطلاع دی جائیگی۔

III- ای ووٹنگ کے ذریعے ووٹ ڈالنے کا ارادہ رکھنے والے اراکین کی شناخت الیکٹرونک دستخط یا لاگ ان کیلئے تصدیق کے ذریعے کی جائیگی۔

Iv- ای ووٹنگ لائنز 14 اکتوبر، 2024 صبح 09:00 بجے سے شروع ہونگی اور 17 اکتوبر، 2024 کو شام 5:00 بجے بند ہونگی۔ ممبران اس مدت کے دوران کسی بھی وقت اپنا ووٹ ڈال سکتے ہیں، ایک بار جب کسی رکن کی جانب سے قرارداد پر ووٹ ڈال دیا جائیگا، تو اسے بعد ازاں تبدیل کرنے کی اجازت نہیں ہوگی۔

## پوسٹل بیلٹ کے ذریعے ووٹ ڈالنے کا طریقہ کار۔

ممبران اس بات کو یقینی بنائیں گے کہ کمپیوٹرائزڈ قومی شناختی کارڈ (CNIC) کی کاپی کیساتھ، درست طریقے سے پُر کرے اور دستخط شدہ بیلٹ پیپر، اجلاس کے چیئرمین کے پاس، کمپنی کے رجسٹرڈ ایڈریس 9K.M، شیخوپورہ روڈ، شاہدرہ، لاہور یا ای میل corporate.affairs@millat.com.pk پر مورخہ 18 اکتوبر, 2024 کو ہونے والے سالانہ اجلاس عام سے ایک روز قبل پہنچ جائیں، بیلٹ پیپر پر دستخط CNIC پر دستخط سے مماثل ہونا چاہیئے۔

7۔ نان سی ڈی سی حصص یافتگان سے درخواست کی جاتی ہے کہ پتہ کی تبدیلی (اگر کوئی ہو) سے فوری طور پر مطلع کریں اور اگر قابل اطلاق ہو تو CZ-50 فارم (زکوۃ کی عدم کٹوتی کیلئے) کمپنی کے رجسٹرار میسرز سی ڈی سی شیئر رجسٹرار سروسز لمیٹڈ، سی ڈی سی ہاؤس، 99-B، بلاک B، S.M.C.H.S، مین شاہراہ فیصل، کراچی-74400 کے پاس جمع کرائیں، سی ڈی سی کے ذریعے حصص رکھنے والے تمام حصص یافتگان سے درخواست ہے کہ وہ اپنے شرکا کیساتھ اپنے پتے اور زکوۃ کی حیثیت کو اپ ڈیٹ کریں، اس سے ڈیویڈنڈ کی فوری وصولی میں مدد ملے گی۔

## 8۔ CNIC جمع کرانا لازمی:

کمپنیز (ڈسٹری بیوشن آف ڈیویڈنڈ) ریگولیشنز 2017 کی شق 6 اور کمپنیز ایکٹ 2017 کی شق 242 کے مطابق، کمپنی نے ان حصص یافتگان کو ڈیویڈنڈ کی ادائیگی روک دی ہے اور مستقبل میں بھی کیش ڈیویڈنڈ کی ادائیگی نہیں کی جائیگی، جنہوں نے ابھی تک اپنا درست CNIC نمبر فراہم نہیں کیا ہے، اگر آپ کا کیش ڈیویڈنڈ مذکورہ وجہ سے روک دیا جاتا ہے، تو آپ سے درخواست کی جاتی ہے کہ اگر آپ کے پاس فزیکل فارم میں حصص ہیں تو براہ مہربانی اپنے کارآمد CNIC کی صاف کاپی کمپنی کے شیئر رجسٹرار کو فراہم کریں یا اگر حصص بک انٹری فارم میں رکھے گئے ہیں تو متعلقہ شرکت کنندہ/ انوسٹر اکاؤنٹ سروسز کو فراہم کریں۔

## 9۔ نقد ڈیویڈنڈ کی الیکٹرونک ادائیگی:

کمپنیز ایکٹ 2017 کی شق 242 کے اطلاق کے مطابق، نقد میں قابل ادائیگی کوئی بھی ڈیویڈنڈ صرف الیکٹرونک موڈ کے ذریعے براہ راست حقدار حصص یافتگان کے نامزد کردہ بینک اکاؤنٹ میں ادا کیا جائیگا، الیکٹرونک موڈ کے ذریعے ڈیویڈنڈ کی ادائیگی کیلئے حصص یافتگان سے معلومات طلب کرنے کے نوٹس پہلے بھیجے گئے تھے، جن حصص یافتگان نے اپنی تفصیلات جمع نہیں کرائی ہیں اب ایک بار پھر ان سے درخواست کی جاتی ہے کہ وہ اپنا فولیو نمبر، نام اور بینک اکاؤنٹ کی تفصیلات فراہم کریں جس میں بینک کا نام، برانچ کا نام، برانچ کا کوڈ، اکاؤنٹ نمبر، اکاؤنٹ کا ٹائٹل اور IBAN شامل ہوں، جس میں وہ اپنا منافع چاہتے ہیں، کریڈٹ کیا جائیگا، جس میں ناکام رہنے کی صورت میں کمپنی کسی دوسرے طریقے سے ڈیویڈنڈ ادا کرنے سے قاصر ہوگی، درخواست فارم کمپنی کی ویب سائٹ پر بھی رکھا گیا ہے، ممبران سے گزارش ہے کہ جلد از جلد اس بارے میں معلومات ارسال کریں۔

اگر حصص سی ڈی سی میں رکھے گئے ہیں تو فارم کو براہ راست حصص یافتہ کے شرکت کنندہ/سی ڈی سی انوسٹر اکاؤنٹ سرسز میں جمع کرانا چاہیئے۔

## 10۔ ای ڈیویڈنڈ رجسٹریشن:

سینٹرل ڈپازٹری کمپنی (سی ڈی سی) نے ایک سینٹرلائزڈ کیش ڈیویڈنڈ رجسٹر (CCDR) تیار کیا ہے، ایک ای سروسز ویب پورٹل جس میں کمپنی کی جانب سے ادا کردہ، غیر ادا کردہ، غیر ادا شدہ یا روکے گئے نقد منافع سے متعلق تفصیلات شامل ہوں گی، کیش ڈیویڈنڈ کا کاؤنٹر پروفائل جس میں ڈیویڈنڈ، ٹیکس روکے گئے اور زکوۃ کی کٹوتی وغیرہ کی تفصیلات ظاہر ہوتی ہیں، CCDR ویب پورٹل کے ذریعے الیکٹرونک طور پر دستیاب ہونگی، حصص یافتگان درج ذیل لنک پر رجسٹریشن اور CCDR ویب پورٹل https://eservices.cdcaccess.com.pk/public/index.xhtml تک رسائی حاصل کر کے کمپنی کی جانب سے ادا کیئے گئے تمام نقد منافع کی معلومات حاصل کر سکتے ہیں۔

## 11۔ ویب سائٹ پراکاؤنٹس:

30 جون، 2024 کو ختم ہونے والے سال کیلئے کمپنی کے مالیاتی گوشواروں کیساتھ رپورٹس کمپنی کی ویب سائٹ پر www.millat.com.pk پر رکھی گئی ہیں۔

## 12۔ ای میل کے ذریعے سالانہ مالیاتی گوشواروں کی ترسیل:

سیکورٹیز اینڈ ایکسچینج کمیشن آف پاکستان نے SRO787(I)/2014 مورخہ 08 ستمبر، 2014 کے ذریعے کمپنیوں کو سالانہ اجلاس عام کے نوٹس کیساتھ، سالانہ بیلنس شیٹ، نفع و نقصان کے اکاؤنٹ، آڈیٹرز اور ڈائریکٹرز کی رپورٹیں، اپنے ممبران کو بذریعہ ای میل ارسال کرنے کی اجازت دی ہے، جو ممبران اس سہولت کی فائدہ اٹھانا چاہتے ہیں وہ اپنا رضامندی دے سکتے ہیں۔

## 13۔ QR فعال کوڈ اور ویب لنک کے ذریعے کمپنی کے سالانہ آڈٹ شدہ مالیاتی گوشواروں کی ترسیل:

SECP نے SRO.389(1)/2023 مورخہ 21 مارچ، 2023 کے ذریعے لسٹڈ کمپنیوں کو اجازت دی ہے کہ وہ اپنے سالانہ آڈٹ شدہ مالیاتی گوشوارے اپنے ممبران کو QR فعال کوڈ اور ویب لنک کے ذریعے بھیجیں، اسی مناسبت سے، سالانہ آڈٹ شدہ مالیاتی گوشواروں کو درج ذیل QR فعال کوڈ اور ویب لنک کے ذریعے ارسال کیا جارہا ہے۔

ویب سائٹ

| Weblink | QR کوڈ |
| --- | --- |
| https://www.millat.com.pk/wp-content/uploads/2024/10/MTL-AR-2324.pdf | |

## 14۔ فزیکل شیئرز کو بک انٹری فارم میں تبدیل کرنا

سیکورٹیز اینڈ ایکسچینج کمیشن آف پاکستان (SECP) نے اپنے سرکلر نمبر 640-639-3026 CSD/ED/Misc/ مورخہ 26 مارچ، 2021 کے ذریعے لسٹڈ کمپنیوں کو ہدایت کی ہے کہ وہ کمپنیز ایکٹ 2017 (ایکٹ) کی شق 72 کی دفعات پر، ان کی جانب سے فزیکل فارم میں جاری کردہ حصص کی جگہ بک آف انٹری فارم میں جاری کرکے، عمل کریں۔ فزیکل فولیو/شیئر سرٹیفکیٹ رکھنے والے حصص یافتگان سے درخواست کی جاتی ہے کہ وہ جلد از جلد اپنے حصص کو فزیکل فارم سے بک انٹری فارم میں تبدیل کریں، حصص یافتگان کسی بھی اسٹاک بروکر، سی ڈی سی پارٹیسپینٹ (PSX کا ممبر) یا سی ڈی سی اکاؤنٹ سروسز سے CDS اکاؤنٹ کھولنے اور اسکے بعد فزیکل شیئرز کو بک انٹری فارم میں اکاؤنٹ میں جمع کروانے میں مدد کیلئے رابطہ کر سکتے ہیں۔

یہ حصص یافتگان کو کئی طریقوں سے سہولت فراہم کرے گا جن میں حصص کی محفوظ تحویل، حصص کا نقصان نہ ہونا، ڈپلیکیٹ حصص کے اجرا کیلئے درکار رسمی کارروائیوں سے گریز اور موجودہ بہتر نرخ خود پر اوپن مارکیٹ میں فروخت اور خریداری کیلئے آسانی سے دستیاب ہے، حصص یافتگان تفصیلات کیلئے ہمارے شیئر رجسٹرار سے رابطہ کر سکتے ہیں۔

## کمپنیز ایکٹ 2017 کی شق (3) 134 کے تحت بیان

## ایجنڈا آئٹم نمبر 5 (متعلقہ پارٹی ٹرانزیکشنز) (RPTs)

### (کمپنیز (ریلیٹڈ پارٹی ٹرانزیکشنز اینڈ ریلیٹڈ ریکارڈ مینٹی نینس) ریگولیشنز 2018 کے ضابطے (1)5 کے مطابق:

30 جون، 2024 کو ختم ہونے والے مالی سال کے دوران، کمپنی کی جانب سے کاروبار کے معمول کے مطابق ماتحت/ وابستہ کمپنیوں کے ساتھ لین دین کئے گئے۔ لسٹڈ کمپنیز (کوڈ آف کارپوریٹ گورننس) ریگولیشنز، 2019 کے ضابطہ 15 کے مطابق، ماتحت/ وابستہ کمپنیوں (ریلیٹڈ پارٹیز) کے ساتھ کاروبار کے معمول کے دوران کئے جانے والی ٹرانزیکشنز کو سہ ماہی بنیادوں پر آڈٹ کمیٹی کی باقاعدہ منظوری کیساتھ، منظور کیا جانا ضروری تھا، زیادہ تر ڈائریکٹرز ان ٹرانزیکشنز میں دلچسپی رکھتے تھے کیونکہ ان کی مشترکہ ڈائریکٹرشپ اور ماتحت/ ذیلی کمپنیوں میں حصص رکھنے کی وجہ سے ان ٹرانزیکشنز کی منظوری کیلئے ڈائریکٹرز کا کورم نہیں بن سکا، اس لئے حصص یافتگان نے اپنے گزشتہ سالانہ اجلاس عام میں شیئر ہولڈرز کی حتمی منظوری/ توثیق سے مشروط، کمپنی کے چیف ایگزیکٹو کو ان ٹرانزیکشنز کو معمول کے کاروبار میں منظور کرنے کیلئے اتھارائزڈ کرنے کی منظوری دی تھی، لہٰذا، ان ٹرانزیکشنز کو سالانہ اجلاس عام میں شیئر ہولڈرز کی جانب سے منظور/ توثیق کرنی ہوگی۔

واضح رہے کہ کمپنی کی اصل سرگرمی ایگری ٹریکٹروں کی اسمبلی/ مینوفیکچرنگ ہے، جس کیلئے تقریباً 150 وینڈنگ انڈسٹریز سے پرزہ جات حاصل کئے جاتے ہیں جن میں گروپ کمپنیاں بھی شامل ہیں، بولان کاسٹنگز لمیٹڈ (BCL) اور ملت انکوپمنٹ لمیٹڈ (MEL) ٹریکٹر کے پیچیدہ پرزے یعنی بڑے ٹریکر کاسٹنگ اور گیئرز اور شافٹ وغیرہ تیار کرتے ہیں جن کیلئے ملک میں محدود ذرائع دستیاب ہیں، ملت انڈسٹریل پروڈکٹس لمیٹڈ (MIPL) ٹریکٹر کی بیٹریاں تیار کرتا ہے جبکہ ٹریکٹر اور پرزے TIPEG INTERTRADE DMCC (TIPEG) کے ذریعے برآمد کئے جاتے ہیں، اسکے علاوہ، کمپنی کے ذریعے گھریلو استعمال کیلئے پرزے TIPEG کے ذریعے درآمد کئے جاتے ہیں، سال کے دوران اسکریپ اور جھنڈ وغیرہ کی فروخت بھی گھریلو استعمال کیلئے BCL کو کی گئی۔

RPTsمیں داخل ہونے کی تجارتی وجوہات درج ذیل ہیں:

ا) جدید ترین پیداواری سہولتوں کی دستیابی۔

ب) اعلیٰ درجے کی تیکنیکی معلومات۔

پ) مخصوص پیداواری سہولیات۔

ت) MTL کیلئے تفصیلی جانچ کی سہولیات۔

ٹ) ہموار سپلائی چین۔

ماتحت کمپنیوں میں کمپنی کے پاس درج ذیل ایکویٹی ہیں:

| | |
|---|---|
| TIPEG Inter Trade DMCC | 75.00فیصد |
| ملت انڈسٹریل پروڈکٹس لمیٹڈ | 64.09فیصد |
| بولان کاسٹنگز لمیٹڈ | 46.26فیصد |
| ملت ایکوپمنٹ لمیٹڈ | 45.00فیصد |

مشترکہ ڈائریکٹرز اور انکے رشتہ داروں کی ذیلی کمپنیوں میں درج ذیل شیئر ہولڈنگ ہے:

| | | TIPEG | MIPL | BCL | MEL |
|---|---|---|---|---|---|
| نمبر شمار | ڈائریکٹر (ڈائریکٹران) کے نام | حصص کی تعداد | حصص کی تعداد | حصص کی تعداد | حصص کی تعداد |
| -1 | جناب سکندر مصطفیٰ خان اور رشتے دار | 100 | 625,312 | 166,369 | 2,038,751 |
| -2 | جناب سہیل بشیر رانا اور رشتے دار | 100 | 416,874 | 4,359 | 2,256,791 |
| -3 | جناب لئیق الدین انصاری اور رشتے دار | 100 | 416,875 | 3,120 | 2,666,021 |
| -4 | جناب قیصر سلیم اور رشتے دار | | 228,205 | 3,622 | 725,862 |
| -5 | جناب راحیل اصغر - سی ای او۔ ایم ٹی ایل | | | | 115 |
| | ٹوٹل | 300 | 1,687,266 | 177,470 | 7,687,540 |
| | شیئر ہولڈنگ کا تناسب | 15.00% | 16.38% | 1.55% | 25.71% |

ریلیٹڈ پارٹی ٹرانزیکشنز کی معلومات، جیسا کہ کمپنیز ریگولیشن (1)5 کے تحت درکار ہے (ریلیٹڈ پارٹی ٹرانزیکشنز اور مینٹی نینس آف ریلیٹڈ ریکارڈز) ریگولیشن 2018 درج ذیل ہے:

| ریلیٹڈ پارٹی کا نام | TIPEG | MIPL | BCL | MEL |
|---|---|---|---|---|
| دلچسپی رکھنے والے یا متعلقہ افراد یا ڈائریکٹرز کا نام | جناب سکندر مصطفیٰ خان<br>جناب سہیل بشیر رانا<br>جناب لئیق الدین انصاری<br>جناب قیصر سلیم (TIPEG میں ایک ڈائریکٹر نہیں ہیں)<br>جناب راحیل اصغر | | | |
| ریلیٹڈ پارٹی میں ڈائریکٹرز، منیجرز یا کلیدی انتظامی اہلکاروں کے مالی یا دیگر مفادات یا تحفظات کی مکمل معلومات کیساتھ تعلقات، مفادات یا تحفظات کی نوعیت | مشترکہ ڈائریکٹرشپ اور شیئر ہولڈنگ:<br>جناب سکندر مصطفیٰ خان<br>جناب سہیل بشیر رانا<br>جناب لئیق الدین انصاری<br>جناب قیصر سلیم (TIPEG میں ایک ڈائریکٹر نہیں ہیں)<br>جناب راحیل اصغر (MEL میں ڈائریکٹر) | | | |

| ریلیٹڈ پارٹی کا نام | | TIPEG | MIPL | BCL | MEL |
| --- | --- | --- | --- | --- | --- |
| لین دین سے متعلق تفصیل، شرائط وضوابط | | 1-تصدیق شدہ آرڈرز کیلئے پرزوں کی خریداری<br>2-تصدیق شدہ آرڈرز پر پرزوں کی فروخت | 1-تصدیق شدہ آرڈرز کیلئے پرزوں کی خریداری<br>2-تصدیق شدہ آرڈرز پر پرزوں کی فروخت<br>3-سروسز | 1-تصدیق شدہ آرڈرز کیلئے پرزوں کی خریداری<br>2-تصدیق شدہ آرڈرز پر پرزوں کی فروخت<br>3-سروسز | 1-تصدیق شدہ آرڈرز کیلئے پرزوں کی خریداری<br>2-تصدیق شدہ آرڈرز پر پرزوں کی فروخت<br>3-سروسز |
| لین دین کی رقم | پرزوں/ اثاثوں کی خریداری | 1,465,772,134 | 805,955,733 | 3,838,249,666 | 10,538,738,094 |
| | پرزوں کی فروخت | 431,602,674 | 45,542 | 402,914 | 240,086 |
| لین دین یا معاہدوں یا انتظامات کا ٹائم فریم یادورانیہ | | 01-07-2023<br>تا<br>30-06-2024 | 01-07-2023<br>تا<br>30-06-2024 | 01-07-2023<br>تا<br>30-06-2024 | 01-07-2023<br>تا<br>30-06-2024 |
| قیمتوں کا تعین کرنے کی پالیسی | پرزوں کی خریداری | باہمی متفقہ قیمت پر | | | |
| | پرزوں کی فروخت | باہمی متفقہ قیمت پر | | | |

ڈائریکٹرز گروپ کمپنیوں میں اپنی مشترکہ ڈائریکٹرشپ اورشیئر ہولڈنگ کی حدتک قرارداد میں دلچسپی رکھتے ہیں۔

## ایجنڈا آئٹم نمبر-6

**ریلیٹڈ پارٹی ٹرانزیکشنز(RPTs) (ماتحت/ وابستہ کمپنیوں کے ساتھ ریلیٹڈ پارٹی ٹرانزیکشنز) کیلئے CEO کواجازت**

کمپنی، 30 جون، 2024 کوختم ہونے والے سال کے دوران ماتحت/ وابستہ کمپنیوں کیساتھ معمول کے کاروبار میں ریلیٹڈ پارٹی ٹرانزیکشنز(RPTs) کرے گی، 9 میں سے 5 ڈائریکٹرز اپنی مشترکہ ڈائریکٹرشپ اور ماتحت/ وابستہ کمپنیوں میں شیئر ہولڈنگ کی وجہ سے اس لین دین میں دلچسپی رکھتے ہیں۔ دلچسپی رکھنے والے ڈائریکٹرز کے اخراج کے بعداور دلچسپی نہ رکھنے والے ڈائریکٹرز کی اجلاس میں غیرموجودگی کی صورت میں، باقی ڈائریکٹرز مطلوبہ منظوریوں کے مقصد کیلئے درست کورم نہیں بنا سکتے۔لہٰذا، سہ ماہی بنیادوں پر بورڈ کی جانب سے منظوریوں کی مذکورہ بالاضرورت کو پورا کرانے کیلئے اوراس مقصد کیلئے مطلوبہ کورم کی تشکیل کی عدم موجودگی میں، ماتحت کمپنیوں کیساتھ لین دین کومنظوریوں/توثیق کے حصول کیلئے اگلی AGM میں پیش کیا جائیگا۔

مزید برآں، کسی بھی ریگولیٹری پروویژن کی عدم تعمیل سے بچنے کیلئے اور سال بھران لین دین کی معمول کی منظوری کو یقینی بنانے کیلئے، حصص یافتگان 61 ویں AGM سے اگلی AGM تک کی مدت کے دوران کیلئے، چیف ایگزیکٹوکواختیار دے سکتے ہیں کہ وہ کئے گئے لین دین کی منظوری دے سکے اور ماتحت/ وابستہ کمپنیوں کے ساتھ کاروبارکومعمول کے مطابق کیا جائے۔

ڈائریکٹرز اس قرارداد میں اپنی مشترکہ ڈائریکٹرشپ اور ماتحت کمپنیوں میں شیئر ہولڈنگ کی حدتک دلچسپی رکھتے ہیں۔

## ایجنڈا آئٹم نمبر 7

**آفس آف پرافٹ ہولڈ کرنے کی منظوری:**

کمپنیز ایکٹ 2017 کے سیکشن (i)(c)(1)171 کے تحت یہ ضروری ہے کہ ڈائریکٹرز کی جانب سے آفس آف پرافٹ ہولڈنگ کیلئے اجلاس عام میں شیئر ہولڈرز سے منظوری لی جائے۔

**آفس آف پرافٹ کی تفصیلات ڈائریکٹرز کے پاس رکھنے کی تجویز اور ملازمت کی مختصر تفصیل:**

ڈائریکٹرز محترم سکندر مصطفیٰ خان اور سہیل بشیر رانا اضافی خدمات کی انجام دہی کیلئے کمپنی کے زیر انتظام آفس آف پرافٹ سنبھالیں گے جبکہ اس امر کا انحصار اُنکے بطور ڈائریکٹر انتخاب پر ہوگا۔اس کے ساتھ ساتھ وہ مختلف کمیٹیوں کے ممبران اور بورڈ کے متعین کردہ قواعد وضوابط کے مطابق خدمات جاری رکھیں گے۔

**مسٹر سکندر مصطفیٰ خان کا کرداراور ذمہ داریاں حسب ذیل ہوں گی:**

1- کمپنی کے بورڈ اور اجلاس عام کی سربراہی بشمول ایسی میٹنگز کیلئے ایجنڈا ترتیب دینا

2- کمپنی بالخصوص بورڈ میں ایمانداری، سچائی اور کارپوریٹ گورننس کے اعلیٰ معیارات پر عملدرآمد

3- اس بات کی یقین دہانی کے بورڈ تک صحیح، بروقت اورواضح معلومات باہم پہنچے

4- کمپنی کے ممبران کے ساتھ موءثر بات چیت

5- نان ایگزیکٹوڈائریکٹرز کی موءثر شمولیت کیلئے سہولیات اور ایگزیکٹواورنان ایگزیکٹوڈائریٹرز کے مابین اصلاحی تعلقات

6- اس بات کی یقین دہانی کہ بورڈ، اسکے انفرادی ڈائریکٹرز اورانکی کمیٹیوں کی کارکردگی سال میں کم ازکم ایک دفعہ جانچی جائے

7- بورڈ کمیٹیوں کیلئے واضح ڈھانچہ کی تیاری اورانکے اُمور کی موءثرادائیگی

8- مفاد کی صورت میں اس کی نشاندہی

**اضافی خدمات:**

مذکورہ بالا کےعلاوہ وہ درج ذمہ داریاں بھی سرانجام دیں گے۔

i) کوڈ آف کارپوریٹ گورنس میں بتائے گئے فرائض اور ذمہ داریوں کی انجام دہی

ii) بورڈ کی جانب سے مجموعی کاروباری کارکردگی، بڑے پیمانے کے منصوبہ جات اور گروپ کمپنیز کی نئی سرمایہ کاری کے جائزہ کیلئے قائم کردہ گروپ سپرویژن (BCGS) کی بورڈ کمیٹی کے چیئرمین کے طور پر خدمات

iii) کمپنی کے آرٹیکلز آف ایسوسی ایشن کے آرٹیکل (iv)(2)103 کے مطابق اُمور سرانجام دینا، جس کے تحت:

"گروپ سپرویژن (BCGS) کیلئے بورڈ کمیٹی کے چیئرمین کے طور پر کام کرنا اور BCGS ممبران کے ذریعے یونٹس کے فنکشنز کی نگرانی اور وقتاً فوقتاً معلومات، راہنمائی، ہدایات کی فراہمی یا کمیٹی کے کسی ممبر کو مخصوص ٹاسک سونپنے کی خدمات"

iv) فنانس اور مارکیٹنگ کمیٹیز کے امور کی نگرانی

v) کمپنی کے آرٹیکلز آف ایسوسی ایشن کے آرٹیکل (iii)(2)103 کے تحت بورڈ کی جانب سے وقتاً فوقتاً تفویض کردہ ایسی ہدایات، اُمور اور فرائض پر عملدرآمد

**محترم سہیل بشیر رانا کی ذمہ داریاں حسب ذیل ہوں گی۔**

1. بطور ایگزیکٹو ڈائریکٹر وہ کمپنی کے کسی بھی دیگر ڈائریکٹر کی طرح قانونی ذمہ داریاں سرانجام دیں گے اور کمپنی کے وسیع تر مفاد میں فیصلہ سازی کریں گے
2. کمپنی کے لائحہ عمل کی ڈویلپمنٹ میں تعمیری چیلنج اور شمولیت
3. اس بات کی یقین دہانی کرنا کہ مالی معلومات بالکل درست ہیں اور رسک مینجمنٹ کے کنٹرولز اور سسٹمز مضبوط اور محفوظ ہیں
4. لمحہ بہ لمحہ کمپنی کے آرٹیکلز آف ایسوسی ایشن پر عملدرآمد
5. مفاد کی صورت میں اس کی نشاندہی

**اضافی خدمات:**

مذکورہ بالا کےعلاوہ وہ درج ذمہ داریاں بھی سرانجام دیں گے۔

1. کمپنی کیلئے دیرپا منافع کا حصول یقینی بنانے کیلئے تمام اُمور میں کوآرڈینیشن اور مینجنگ، کمپنی کے فنانشل اور پرسونل فنکشنز میں کلیدی کردار ادا کرنا۔
2. کمپنی میں رسک کی نشاندہی اور اس سے نمٹنے کیلئے محتاط اور موثر فریم ورک ترتیب دینے کیلئے entrepreneurial leadership کی فراہمی
3. کمپنی کے سٹریٹجک اہداف کا تعین، اس بات کی یقین دہانی کرنا کہ کمپنی کے مقاصد کے حصول کیلئے ضروری مالی اور افرادی وسائل مکمل انداز میں اپنی جگہ پر موجود ہیں اور مینجمنٹ کی کارکردگی کا جائزہ؛ اور
4. کمپنی کی اقدار اور معیارات کا تعین کرنا اور اس بات کی یقین دہانی کرنا کہ شیئر ہولڈرز اور دیگر سے متعلقہ اس کی ذمہ داریوں کی سوجھ ہے اور ان پر عملدرآمد جاری ہے
5. کمپنی کے منظور شدہ انتظامی منصوبوں پر عملدرآمد اور مطلوبہ وسائل کا بروقت انتظام کرنا
6. کمپنی کے لئے مختصر اور طویل مدتی مارکیٹنگ مقاصد واضح کرنا
7. پہلے سے متعین کردہ اہداف کا حصول یقینی بنانے کیلئے پروڈکشن پلانز کیلئے سٹریٹجک بجٹ کا جائزہ اور منظوری
8. سیلز اور مارکیٹنگ Qualitative اور Quantitative کارکردگی کی جانچ کیلئے رپورٹنگ فارمیٹس بشمول بنیادی کارکردگی کے اعشاریوں اور پیچیدہ کامیابی کے عوامل واضح کرنا
9. ماہانہ بنیادوں پر فرق کم کرنے کیلئے بجٹ، تغیر کی وجوہات اور منصوبوں کی حقیقی کارکردگی کا جائزہ
10. کارکردگی کی جانچ کیلئے کامیابی کے پیچیدہ عوامل واضح کرنا
11. آپریشنز میں نافذ العمل پیچیدہ عوامل واضح کرنا
12. آپریشنز پالیسیز کا جائزہ اور منظوری۔
13. پروکیورمنٹ، انوینٹریز اور مینٹی نینس وغیرہ کیلئے پالیسیز کا جائزہ اور منظوری
14. کوالٹی کنٹرول اسٹینڈرڈز کا جائزہ اور منظوری
15. کمپنی کے سینئر افراد کی کارکردگی کی تشخیص
16. آئی ٹی بجٹ اور آئی ٹی پراجیکٹس کا جائزہ اور منظوری

**ڈائریکٹرز کے مالیاتی اور دیگر معاوضے بشمول مراعات اور فوائد:**

مندرجہ بالا ڈائریکٹرز کو زیادہ سے زیادہ سالانہ معاوضے کی حد حسب ذیل ہے:

| | |
|---|---|
| 1- جناب سکندر مصطفیٰ خان | 110.00 ملین روپے |
| 2- جناب سہیل بشیر رانا | 80.00 ملین روپے |

**ڈائریکٹرز کے لیےاس طرح کے منافع سے پیدا ہونے والا کوئی دوسرا فائدہ یا منافع۔**

سرکاری اور نجی مقاصد کے لیے کمپنی کے زیر انتظام ٹرانسپورٹ کے مفت استعمال اور خود اور انحصار کرنے والوں کے لیےطبی اخراجات کی ادائیگی کے مجاز ہوں گے۔

**کمپنی اوراس کے ممبران کواس طرح کے منافع کے دفتر کے نتیجے میں جو کہ ڈائریکٹرز کے پاس ہوں گے۔**

مسٹر سکندر مصطفیٰ خان ایک مکینیکل انجینئر ہیں اور آٹو موٹو اور انجینئرنگ انڈسٹری میں وسیع تجربہ رکھتے ہیں اور 1972 سے اس سے وابستہ ہیں۔

مسٹر سہیل بشیر رانا بھی ایک مکینیکل انجینئر ہیں اور یہ بھی پاکستان اور بیرونِ ملک کے آٹوموبائیل سیکٹر میں 38 سال سے زیادہ کا تجربہ رکھتے ہیں بیرون ملک دونوں کو آٹوموٹو سیکٹر خاص طور پر ٹریکٹر انڈسٹری کا وسیع اور گہرا تجربہ ہے۔ کمپنی بہتر کام اور بہتر کنٹرول کرے گی جس کے نتیجے میں بہتر منافع بالآخر کمپنی کے حصص یافتگان کے فائدے کے لیے زیادہ منافع کی شکل میں ہوگا۔

**عہدے کے انعقاد کی مدت**

الیکشن کی تاریخ سے تین سال یعنی کمپنی کے ڈائریکٹرز کے اگلے انتخابات تک۔

بورڈ نے مذکورہ بالا معاوضے کے پیکجز کو کمپنی کے آرٹیکل آف ایسوسی ایشن آف کے مطابق ان کے بطور ڈائریکٹر انتخاب کی منظوری دیتا ہے۔ تاہم، ڈائریکٹروں کی طرف سے کمپنی میں آفس آف پرافٹ کو عام میٹنگ میں شیئر ہولڈرز کی طرف سے منظوری/ اجازت لینی ہوگی۔ چنانچہ اگر مناسب سمجھا جائے تو یہ قرارداد شیئر ہولڈرز کے سامنے ان کے غور اور منظوری کے لیے رکھی گئی ہے۔

ہر ڈائریکٹر اپنے معاوضے کی حد تک قرارداد میں دلچسپی رکھتا ہے۔